# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Dated : 30 August 2026**

**Time : 07:40 / PM**

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ [۱] ۔۔۔۔۔ وزیر اعظم کا من کی بات پروگرام میں کئی موضوعات پر اظہار خیال // کہا شری امرناتھ جی یاترا کے دوران ہوئی سوچھ بھارت ابھیان کو تقویت بخشنے کی مثال قائم۔

✓ [۲] ۔۔۔۔۔ وزیر اعظم کی ازبکستان کے صدر کے ساتھ ملاقات // کئی شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر ہوا تبادلہ خیال۔

✓ [۳] ۔۔۔۔۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تعلیم کے شعبے میں اقدار اور سائنس کے توازن کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر دیا زور۔

اور

✓ [۴] ۔۔۔۔۔ صوبائی کمشنر کشمیر نے انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں و کشمیر کیلئے جاری تیاریوں کا لیا جائزہ۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سالانہ شری امرناتھ یاترا کے دوران اس بار سوچھ بھارت ابھیان کے نظریے کو تقویت بخشتے ہوئے یاتریوں نے مقامی اہلکاروں کے ساتھ ملکر کوڑا کرکٹ جمع کرکے یاترا کو ماحول دوست بنانے کی مثال قائم کی ہے۔ وزیر اعظم نے آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے دوران مختلف موضوعات پر اظہار خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

-------PM(Yatra)---------

نشہ مکت یوواابھیان فاروکست بھارت مہم میں نوجوانوں کی بڑھ چڑھ کر شمولیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ اس ابھیان کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے جن کی بدولت ملک نشے کی بدعت سے نجات پائے گا۔

-------PM(Nasha)-------

من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے تاریخ کو اگلی نسل تک پہنچانے میں ویب سائٹ تیار کرنے پر ممبئی کے ایک شخص کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس ویب سائٹ سے لوگوں کو اپنے ملک کے کسی بھی حصے کی تاریخ کو پڑھنے کا موقعہ ملے گا۔ انہوں نے ہر گھر ترنگا مہم، وندے ماترم کی 150 ویں سالگرہ اور آنے والے تہواروں کا بھی ذکر کیا اور عوام سے اپیل کی کہ وہ تہواروں کے موسم میں ''ووکل فار لوکل'' کے جذبے کو اپناتے ہوئے مقامی اور ہندوستانی مصنوعات کو ترجیح دیں۔

PMازبکستان

وزیر اعظم نریندر مودی نے تاشقند میں ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایوف کے ساتھ ملاقات کرکے تجارت وسرمایہ کاری، دفاع، ڈیجیٹل رابطہ کاری، توانائی، تعلیم اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان کئی مفاہمت نامے بھی طے کئے گئے۔ اس سے قبل وزیر اعظم نے ازبکستان یوگا فیڈریشن کے زیر اہتمام یوگا پروگرام میں بھی شرکت کی۔ بعد ازاں وزیر اعظم صدارتی محل پہنچے، جہاں صدر شوکت مرزیایوف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ شوکت مرزایایوف نے نریندر مودی کو ازبکستان کے اعلیٰ ترین سٹیٹ ایوارڈ **Oliy Darajali Dustlik** سے سرفراز کیا۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تعلیم کے شعبے میں اقدار اور سائنس کے توازن کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے یوم تاسیس اور شری ماتا ویشنو دیوی گروکُل کے سالانہ دن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ تجسس علم کا پہلا چراغ ہے اور جامع تعلیمی منظرنامے کے ذریعے اخلاق اور انکساری کو فروغ ملنا چاہیئے۔ لیفٹنٹ گورنر نے پائیدار ترقی اور ماحولیات کی مناسبت سے حساسیت پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ صحت شعبے میں جدید آلات کا استعمال عام لوگوں کی اعلیٰ صحت خدمات تک رسائی کو ممکن بنانے کیلئے کیا جانا چاہیئے۔ CII-JK کے ہیلتھ کنکلیو کے تیسرے ایڈیشن کا افتتاح کرنے کے موقعہ اپنے خطاب میں ایل جی نے عالمی صحت نظام کو درپیش چیلنجوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مہنگے علاج پر انحصار کم کرنے کیلئے بیماریوں سے بچاؤ، ابتدائی مرحلے میں مداخلت اور باقاعدگی سے طبی سکریننگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ منوج سنہا نے طبی ماہرین پر زور دیا کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال لوگوں تک بہتر صحت خدمات پہنچانے کیلئے کریں۔ جموں کشمیر میں طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے کا ذکر کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا۔

-------LG-------

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ بہتر طبی سہولیات عام لوگوں تک پہنچانا سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان باتوں کا اظہار وزیر موصوفہ نے امام حسین سپُر سپیشلٹی ہسپتال بمنہ سرینگر میں ریڈیالوجی شعبے میں کئی طبی یونٹوں کا افتتاح کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے اس طبی ادارے میں دستیاب سہولیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے نے عام لوگوں تک صحت خدمات پہنچانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج لڈورہ بارہ مولہ میں بلند پایہ ولی حضرت نظام الدین رحمتہ اللہ علیہ کی

زیارتگاہ کی دیوار بندی اور تزئین کاری کے کام کا سنگ بنیاد رکھا۔اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اولیاء کرام کی تعلیمات وقت کے ہر دور میں انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں۔

فلم فیسٹول

جموں وکشمیر میں **7** ستمبر سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹول کے کامیاب انعقاد کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔اسی سلسلے کی ایک کڑی کے تحت صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے **SKICC** سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوان اس فیسٹول کیلئے جاری تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔میٹنگ کے دوران صوبائی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر ضروری اقدامات مقررہ وقت پر مکمل کریں،تاکہ یہ فلم فیسٹول خوش اسلوبی کے ساتھ منعقد کیا جاسکے۔اس فیسٹول میں **40** مالک کی فلمیں دکھائی جائیں گی۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR ، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت ہر دور میں جموں وکشمیر کے لوگوں کے آئینی اور جمہوری حقوق کی پاسبان رہی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ملک کے اس خطے کی انفرادیت اور شناخت کے علاوہ بھائی چارے کی روایات کو قائم رکھنا نیشنل کانفرنس کے ایجنڈا میں شامل ہے۔اس دوران پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے تارزوسو پور میں کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار لوگوں کو ہر طرح کی سہولیات بہم رکھنے کے اپنے وعدے پر قائم ہے۔

شاہین

جبنا دل یونائیٹڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں وکشمیر میں سیاحتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینے کیلئے مناسب اقدامات کرنے کی مرکزی سرکار سے اپیل کی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ یوٹی کے غیر معروف سیاحتی مقامات پر خصوصی توجہ دی جانی چاہئے۔

BJP

بی جے پی جموں وکشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے میر واعظ مولوی محمد عمر فاروق کے اس بیان کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے جس میں انہوں نے دفعہ **370** کی بحال کرنے کی وکالت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دفعہ **370** اب ماضی کا حصہ ہے جس کو ابھار کر عوام کے جذبات کو اکسانے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ موزون وقت پر بحال کیا جائے گا۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت میر سید علی ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ کے فرزندار جمند حضرت میر سید محمد ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ کا عرس مبارک کل یعنی **31** اگست **2026** کو پورے جموں وکشمیر میں نہایت ہی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب سرینگر کے تاریخی خانقاہ معلیٰ میں منعقد ہورہی ہے جہاں نماز ظہر کے بعد حسب روایت ختمات المعظمات، درودواذ کار اورنعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہورہی ہیں۔

دینی مجلس

بارہ مولہ ضلعے کے کریری پٹن میں واقع بلند پایہ ولی حضرت سید حاجی محمد مراد بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے آستان عالیہ پر آج ایک دینی مجلس منعقد ہوئی۔اس موقعے پر عالم دین مفتی سید شریف الحق بخاری کی تصنیف ”گنج العاشقین فی قصص السالکین“ کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔کتاب میں قرآن و حدیث کی روشنی میں تصوف کے تصورات کو موثر انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

احد زرگر

نورہ سرینگر میں آج وادی کے معروف صوفی شاعر احد زرگر کے یوم وصال کی مناسبت سے ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کی تعداد میں افراد نے شرکت کی۔اس موقعے پرکئی نامور گلوکاروں نے احد زرگر کا صوفی کلام پیش کر کے حاضرین کو محظوظ کیا۔

رسم رونمائی

اُدھر نائید کھائی سونہ واری میں آج جہلم بزم ادب کے اہتمام سے ایک ادبی تقریب منعقد کی گئی۔تقریب کے دوران صوفی شاعر عبداللہ کنی پوری کے شعری مجموعے ''عشق مجاز'' کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔

اعزاز

دوردرشن کیندر سرینگر کے سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر رفیق مسعودی کو ادب اور نشریات کے شعبے میں ان کی منفرد خدمات کیلئے انٹرنیشنل اسلامک اینڈ ریسرچ ٹرسٹ جے اینڈ کے کی جانب سے اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ٹرسٹ کی سالانہ تقریب کے موقعے پر صحافت کے شعبے میں نعیمہ مہجور، انتظامیہ کے شعبے میں فضل الحسیب، طب کے شعبے میں ڈاکٹر عفت حسین اور اسلامیات کے شعبے میں مولانا شوکت حسین کینگ کو بھی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

پولیس

پولیس نے شوپیاں میں وہل کے رہنے والے ہلال احمد ڈار نامی ایک ڈرگ سمگلر کی تقریباً **17** لاکھ روپے مالیت کا رہائشی مکان اٹیچ کیا ہے۔دریں اثناء بارہمولہ میں پولیس نے منشیات مخالف مہم میں تیزی لائی ہے۔

ایڈمشن

اعلیٰ تعلیم محکمہ کی ایک اطلاع کے مطابق انڈر گریجویٹ کورسز میں آن لائن داخلے کا دوسرا مرحلہ یکم ستمبر سے شروع ہو رہا ہے۔طالب علموں سے کہا گیا ہے کہ وہ **jkadmissions.in** پورٹل پر داخل فارم بھر سکتے ہیں۔اس مرحلے کے تحت مختلف کالجوں میں داخلہ حاصل کرنے کی آخری تاریخ **10** ستمبر **2026** مقرر کی گئی ہے جس کے بعد کوئی ایڈیشن نہیں کیا جائے گا۔

NIFT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونئی دلی میں کل منعقد ہونے والے نیشنل انسٹی چیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی کے کنووکیشن میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کررہی ہیں۔کنووکیشن میں ملک کے مختلف حصوں میں قائم NIFT کے سبھی 18 اداروں سے گریجویشن کرنے والے طالب علم شرکت کریں گے۔تقریب میں ٹیکسٹائلز کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ بھی شرکت کریں گے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20.7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 03 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 58 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔